19/01/2025

09.25 AM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔

اب آپ سید مبشر رفاعی سے خبریں سُنیے۔

راجوری

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی ہدایت پر راجوری ضلع میں پر اسرار اموات کے معاملے کی تحقیقات کیلئے تشکیل دی گئی ایک بین وزارتی ٹیم آج متاثرہ علاقے کا دورہ کر رہی ہے ۔ٹیم میں صحت ، زراعت ، کیمیات اور آبی وسائل کی وزارتوں کے نمائندوں کے علاوہ پشو پالن ، غذائی سلامتی اور فارنسک محکموں کے ماہر شامل ہوں گے۔

لیفٹننٹ گورنر

*........لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے یہ ٹیم تشکیل دینے پر مرکزی وزیر داخلہ کا شکریہ ادا کیا ہے۔سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں انہوں نے کئی معتبر اداروں کے ماہرین کی طرف سے کی جانے والی جانچ کے اقدام کا خیر مقدم کیا ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

*........اسی دوران نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے پر اسرار اموات سے متاثرہ راجوری کے بادل گاؤں کا دورہ کرکے وہاں سوگوار اور متاثرہ کنبوں کو انتظامیہ کی جانب سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ۔اس سے قبل سکینہ ایتو اور جاوید رانا بھی متاثرہ علاقے کا دورہ کر چکے ہیں۔

وزرائ

*........جموں کشمیر سرکار نے مہا کنبھ میلے کے پیش نظر جموں سے پریاگ راج تک ایک راست بس سروس کا آغاز کیا ہے ۔ پہلی بس کو جموں کشمیر کے وزیر ٹرانسپورٹ ستیش شرما نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ واضح رہے کہ یہ سروس میلے کے اختتام تک ہر روز صبح پانچ بجے بس اسٹینڈ جموں سے دستیاب رہے گی ۔

جاوید رانا

*........قبائیلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران قبائیلی طبقے کیلئے عملائے جا رہے بہبودی کے اقدامات پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔میٹنگ میں زیر عمل پروجیکٹوں پر کام کی رفتار بڑھانے اور انہیں وقت رہتے مکمل کرنے پر توجہ مرکوز رہی ۔ وزیر موصوف نے زیر التواءمنصوبوں کو منظوری دینے کے عمل میں سرعت لانے کی ہدایت دی ۔

چیف سیکریٹری

سرکار نے کہا کہ ایمز اونتی پورہ کو اس سال نومبر کے مہینے میں چالو کیا جائےگا۔ یہ جانکاری چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی ایک CPWD کی صدارت میں ایمز اونتی پورہ ، صحت اور طبی تعلیم کے محکمے ،تعمیرات عامہ ، جل شکتی اور مشترکہ میٹنگ میں دی گئی ۔

دریں اثنا چیف سیکریٹری نے ایمز جموں کا بھی دورہ کیا ، جہاں انہوں نے جموں کشمیر میں ہیلتھ سیکٹر کی سہولیات کو بڑھانے کیلئے دیگر قومی اداروں کے ساتھ اشتراک کرنے کی ضرورت اجا گر کی ۔

من کی بات

*........وزیرا عظم نریندر مودی آج صبح 11بجے من کی بات پروگرام کے ذریعے مختلف موضو عات پر اپنے خیالات کا اظہا ر کریں گے ۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 118واں نشریہ ہوگا ۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر سنا جا سکے گا۔

ملاقات

Rouble Nagi// BJP *........اقلیتی امور سے متعلق قومی کمیشن کے کیمونٹی لیڈروں کی پینل ممبر کے ضلع صدر کولگام زبیر احمد گنائی // جموں ڈیولپمنٹ اتھارٹی ہاؤسنگ کالونی ویلفیئر ایسو سی ایشن روپ نگر کے ایک وفد اور جموں کشمیرسرنارتھی ایکشن کمیٹی کے نمائندوں نے بھی ایل جی سے الگ الگ ملاقات کی ۔

تعزیت

*........آکاشوانی سرینگر کے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر کی سربراہی میں ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا ، جس دوران وادی کے ایک معروف صنعت کار منظور احمدبابا کے انتقال پرلواحقین کے ساتھ تعزیت کااظہا ر کیاگیا ۔ مرحوم ایک معروف اشاعتی ادارے کے مدیر اعلیٰ فیاض احمد کلو کے بھانجے تھے ۔

ولر

ولر جھیل کو پورے ایشیا میں سب سے بڑے فریش واٹر جھیل کی حیثیت حاصل ہے ۔ 130مربع کلو میٹر پر محیط اس جھیل کی حالت کسی حد تک خراب ہو گئی ہے البتہ اس کی شان بحال کرنے کیلئے سرکار کی جانب سے مناسب اقدا م کئے جا رہے ہیں۔

اس مقصد کیلئے ولر کنزر ویشن اینڈ منیجمنٹ اتھارٹی قائم کی گئی ہے۔ اتھارٹی کے پروجیکٹ کارڈنیٹر اویس میر نے اتھارٹی کی طرف سے جھیل کی بحالی اور اس کے رکھ رکھاؤ سے متعلق اقدامات کے بارے میں شعبہ خبر کو بتایا ۔

....(Owais)....Byte........

IGP

*........ IGP کشمیر وی کے بردی نے پولیس اور سیکورٹی ایجنسیوں کی ایک میٹنگ میں یوم جمہوریہ کی تقریبات کیلئے کئے جا رہے سلامتی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسروں سے تلقین کی کہ وہ جشن جمہور کی تقریبات کیلئے تمام تیاریوں کو حتمی شکل دیں ۔اس کیلئے انہوں نے پولیس اور دیگر سیکورٹی ایجنسیوں کو چوکس رہنے کی ہدایت دی ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔البتہ سرینگر سونہ مرگ اور مغل روڈ گاڑیوں کی آمد رفت کیلئے لگاتار بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ